26123-امتحان میں نقل کرکے حاصل کردہ سند کے ذریعہ ملازمت کی تنخواہ کا حکم

سوال

جب طالب علم امتحان میں نقل کے ذریعہ پاس ہوکر سند حاصل کرلے، اوروہ شخص اس سند پر ملازمت حاصل کرکے تنخواہ لے توکیا یہ تنخواہ حلال شمار ہوگی، (یہ علم میں رکھیں کہ اب دوبارہ امتحان نہیں دے سکتا کیونکہ کئی برس پہلے کی بات ہے اور سب کچھ بدل چکا ہے) اسے کفارہ ادا کرنے کے لیے کیا کرنا ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

سٹوڈنٹ جب امتحان میں نقل کرکے پاس ہواور سند بھی حاصل کرلے اور پھر اس سند کے ذریعہ ملازمت بھی حاصل کرلے، اوراپنے کام میں کامیاب بھی ہوجائے، اوراس ملازمت اور کام کو لمبی مدت گزرجائے، تواسے اپنے کیے پر توبہ واستغفار کرنی چاہیے، اور جو کچھ ہوچکا ہے اس پر ندامت کا اظہار کرے، اللہ تعالی اسے معاف کرے گا.

اور توبہ کرنے والا شخص ایسے ہی ہے جیسے کسی کا کوئی گناہ نہ ہو.